بچوں کے لیے بائبل
پیشکش

انسان کی اُداسی کا آغاز

Edward Hughes :مصنف

Byron Unger; Lazarus :تمثیل کار

M. Maillot; Tammy S. :مطابقت

OM Pakistan :مترجم

Bible for Children :پروڈیوسر
www.M1914.org

©2012 Bible for Children, Inc.

لائسنس: آپ کو حق ہے کہ اس کہانی کو کاپی یا پرنٹ کر سکتے جب تک کہ آپ
اس مواد کو بیچنا شروع نہ کر دیں۔

خدا نے ہر چیز بنائی! جب خدا نے پہلا انسان آدم بنایا،
وہ اپنی بیوی حوا کے ساتھ باغِ عدن میں رہا ،وہ مکمل طور پر
خوش تھے اور خدا کی تابعداری اور اسکی حضوری کا لطف
اٹھارہے تھے لیکن ایک دن کیا ہوا۔

”کیا واقعی خدا نے کہا ہے کہ باغ کے کسی درخت کا پھل نہ کھانا؟“ سانپ نے حوا سے پوچھا۔

”ہم ہر درخت کا پھل کھا سکتے ہیں، لیکن ایک کا نہیں اور اگر ہم اس پھل کو کھاتے یا چھوتے ہیں تو ہم مر جائیں گے“، حوا نے جواب دیا۔ ”تم ہرگز نہ مرو گے۔ تم خدا کی مانند بن جاو گے“ سانپ نے مسکراتے ہوئے کہا۔

حوا نے اس درخت
کا پھل حاصل کرنا چاہا۔ اُس
نے سانپ کی باتوں کو سنا
اور وہ پھل کھالیا۔

خدا کی نافرمانی کرنے کے بعد حوا نے وہ پھل آدم کو
بھی کھانے کے لیے دیا۔ آدم کو کہنا چاہیے تھا،
نہیں! میں خدا کے حکم کی نافرمانی نہیں کروں گا۔

جب آدم اور حوا نے گناہ کیا۔ اُن دونوں کو معلوم ہوا کے وہ
ننگے ہیں۔ انہوں نے انجیر کے پتوں سے لنگیاں بنائیں، اپنے آپ کو ڈھانپا
اور خدا کی حضوری سے بچنے کے لیے اپنے آپ کو درختوں میں چھپایا۔

شام کے ٹھنڈے وقت میں خدا باغ میں آیا۔ آدم اور حوا نے
جو کچھ کیا وہ جانتا تھا۔ آدم نے حوا کو قصوروار ٹھرایا۔ حوا نے
سانپ کو قصوروار ٹھرایا۔ خدا نے کہا، سانپ
ملعون (لعنتی) ٹھہرا۔ اور عورت
درد کے ساتھ بچہ جنیگی۔

’’آدم، اس لیے کہ تو نے گناہ کیا، زمین تیرے سبب
سے لعنتی ہوئی وہ تیرے لیے کانٹے اور اونٹکٹارے
اگائیگی۔ تو مشقت کرے گا اور اپنے منہ کے
پسینے کی روٹی کھائے گا۔‘‘

خداوند خدا نے آدم اور حوا کو شاندار
باغ سے باہر کر دیا۔ کیونکہ انہوں
نے گناہ کیا، وہ زندگی
بخش خدا سے
جدا ہو گئے تھے۔


خدا نے اُنکو باغ سے باہر رکھنے کے لیے ایک
شعلہ زن تلوار بنائی۔ خدا نے آدم اور حوا کے
لیے چمڑے کے کرتے
بنائے۔ خدا نے
وہ چمڑا کہاں سے لیا؟

وقت پر آدم اور حوا سے ایک لڑکا پیدا ہوا۔ اُن کا پہلا بیٹا قائن
ایک کسان تھا۔ ان کا دوسرا بیٹا ہابل ایک چرواہا تھا۔

ایک دن قائن اپنے کھیت کا پھل خداوند کے لیے بطور ہدیہ لایا۔ ہابل بھی اپنی
بھیڑبکریوں اورچوپایوں میں سے سب سے اچھا حصہ خداوند کے پاس ہدیہ کے طور پر
لایا۔ اور خداوند نے ہابل اوراس کے ہدیہ کو منظورکیا۔

خدا قائن کے ہدیے سے خوش نہ تھا۔ اس سے قائن نہایت ناراض ہوا۔ لیکن خدا نے کہا، ''اگر تو بھلا کرے تو کیا یہ مقبول نہ ہوگا؟''

قائن کا غصہ ختم نہ ہوا۔ کچھ دن بعد جب وہ
کھیت میں تھے قائن نے اپنے بھائی
ہابل پر حملہ کیا اور اسے قتل کر ڈالا۔

خدا نے قائن سے کہا، ''تیرا بھائی ہابل کہاں ہے؟''۔ اس نے کہا، مجھے معلوم
نہیں''۔ قائن نے جھوٹ بولا، ''کیا میں اپنے بھائی کا محافظ ہوں؟'' خدا نے قائن کو
سزا دی اور اس سے کہا کہ جب تو زمین کو جوَتے گا تو وہ
تجھے پیداوار نہیں دے گی اور زمین پر تو آوارہ ہو گا۔

قائن خدا کی حضوری سے نکال دیا گیا۔ اس کی آدم اور حوا کی
بیٹی سے شادی ہوئی اور اُن سے ایک خاندان بڑھا۔



جلد قائن کی اولاد نے زمین کو
معمور و محکوم کیا، جو شہران کو ملا۔



اسی دوران، آدم اور حوا کا خاندان تیزی سے بڑھا۔ اُن دنوں میں، آجکل کے مقابلے میں لوگوں کی زیادہ عمریں ہوتی تھیں۔

جب حوا کا بیٹا سیت پیدا ہوا تو اُس نے کہا کہ خدا نے مجھے ہابل کے عوض سیت دیا ہے۔ سیت خدا سے ڈرنے والا انسان تھا اور اُس کی کل عمر 912 برس اور اس سے بہت سے بیٹے اور بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

جیسے جیسے ایک نسل سے دوسری نسل بڑھنے
لگی، دنیا میں لوگ اور بھی ظالم ہونے لگے۔ آخر کار،
خدا نے فیصلہ کیا کہ تمام بشر کا خاتمہ کر دے۔۔۔

خدا انسان سے لے کر تمام جانداروں اور
پرندوں تک کے بنانے سے ملول ہوا۔

ایک شخص نوح تھا۔ وہ سیت کی نسل سے مردِ راستباز اور
اپنے زمانہ کے لوگوں میں بے عیب تھا۔ نوح خدا کے
ساتھ ساتھ چلتا رہا۔

اس نے اپنے تینوں بیٹوں کو بھی یہ تعلیم دی کہ وہ خداکی
تابعداری کریں۔ اب خدانے ایسا منصوبہ بنایاکہ نوح ایک
خاص اور عجیب طریقہ
اختیار کرے۔

انسان کی اُداسی کا آغاز

ایک کہانی جو خدا کے کلام، بائبل مقدس میں سے ہے

پیدائش3-6

”تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے۔“

زبور 130:119

ختم شد

بائبل کی کہانی ہمیں ہمارے عجیب خدا کے
بارے میں بتاتی ہے جس نے ہمیں بنایا اور وہ چاہتا ہے کہ آپ اُسے جانیں۔

خدا جانتا ہے کہ ہم نے برے کام کیے جنھیں وہ گناہ کہتا ہے۔ گناہ کی سزا موت ہے۔ لیکن خدا ہم سے
اتنی زیادہ محبت کرتا ہے کہ اس نے اپنے اکلوتے بیٹے یسوع کو بھیجا کہ صلیب پر مرے اور ہمارے گناہوں
کی سزا اٹھائے۔ پھر یسوع دوبارہ زندہ ہوا اور آسمان پر اپنے گھر گیا۔ اگر آپ یسوع پر ایمان رکھتے ہیں اور اس
سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں تو وہ اسے معاف کرے گا۔ وہ آئے گا اور آپ میں
رہے گا، اور آپ ہمیشہ اس کے ساتھ رہیں گے۔

اگر آپ ایمان رکھتے ہیں کہ یہ سچ ہے تو خدا سے کہیں:
پیارے یسوع، میں ایمان رکھتا ہوں کہ تو خدا ہے اور میرے گناہوں کے لیے انسان بنا اور مرگیا
اور اب پھر زندہ ہے۔ مہربانی سے میری زندگی میں آجا اور میرے گناہ معاف کردے تاکہ اب مجھے نئی زندگی
ملے اور پھر ایک دن تیرے ساتھ ہمیشہ کے لیے چلا جاوں۔ میری مدد کر تاکہ میں
تیرے تابع رہ سکوں اور تیرے فرزند کے طور پر زندگی بسر کروں۔ آمین۔

بائبل مقدس پڑھیں اور خدا سے روز باتیں کریں۔ یوحنا 16:3